
عشق و محبت کے موضوع پر جامع کتاب

پریم بندھن

کے 342 عملیات

- سچے عشق و محبت کے عملیات
- محبوب کو حاصل کرنے کا طریقہ
- محبوب کیسے تابع ہو
- سچا پریم یعنی پیار کیا ہوتا ہے
- سچے عاشق کی کیا پہچان ہے
- میری پہلی محبت
- میں تمہارے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا
- تم میری ہو

عثمان پبلی کیشنز


بسم الله الرحمن الرحيم

محمد عثمان نے ریاض شہباز پرنٹنگ پریس لاہور

سے چھپوا کر عثمان پبلی کیشنز سے شائع کی۔

مصنف کی آراء سے ادارہ (پبلشر) کا متفق ہونا ضروری نہیں

قیمت -/R.S:360

[illegible]

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4[illegible]572

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز

[illegible]

[illegible] - 0333-4[illegible]572

عشق محبت کیلئے بیمثال طلسمی کتاب

پریم بندھن

کی 342 عملیات

شوکت علی شاکر قادری

عثمان پبلی کیشنز

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@[illegible] upublications@[illegible]

0333-[illegible] 042-[illegible] [illegible]

عثمان پبلی کیشنز کی مایہ ناز بکس

جنسیات کا انسائیکلوپیڈیا ڈاکٹر حکیم نفسیات ایم اے عزیز	نفسیاتی جنسی بیماریاں کیا ہیں؟ یہ جنسی بیماریاں کیسے ہوتی ہیں نفسیات جنسیات الگ بیماریاں ہیں جن کا ذکر پہلی بار اس کتاب میں کیا گیا ہے۔ قیمت-/270
کشمیری کوک شاستر پریم پال اشک	پریم پال اشک جب کشمیر میں رہتا تھا جب اس نے کھلی بار کوکا پنڈت کو چیلنج کیا کہ کوک شاستر میری ہے کوکا پنڈت کا کہنا تھا کہ یہ میری ہے اور لوگوں نے پریم پال اشک کی کشمیری کوک شاستر کو پسند کیا۔ قیمت:-/270
خفیہ جنسی راز اور انکا علاج حکیم ڈاکٹر سلمان مرزا	قصہ جنسی راز کیا ہیں اور انکا علاج کیسے ممکن ہے اتنا جنسی پریکٹیکل نہ کریں کہ آپ نامرد بن جائیں اور منہ دکھانے کے قابل بھی نہ رہیں اسی لئے میں آپ جیسے مریضوں کا علاج اس کتاب سے کروں گا قیمت:-/270
شہنشاہی کوک شاستر کوکا پنڈت	شہنشاہ اکبر نے اس کتاب کو کوکا پنڈت کو اپنے نام سے لقب دیا یعنی شہنشاہی کوک شاستر جسے اکبر نے پڑھا اور پسند کیا اور مستفید ہوا۔ قیمت /270
مردوں کا جنسی علاج حکیم عبداللہ حکیم افضل [illegible]	آج کل کے دور میں ہر مرد یعنی 90 فیصد مرد جنسی بیماریوں میں مبتلا ہیں کچھ شرم کے مارے اپنا علاج نہیں کرواتے جس سے مرض بگڑتا جاتا ہے شرم نہ کریں اس کتاب کا مطالعہ کریں۔ قیمت -/270

فہرست

پیش لفظ

محبت زندگی ہے۔ زندگی محبت ہے، آپ محبت کیلئے ہیں، محبت آپ کے لئے، آپ محبت کیجئے، خود سے، اپنے رشتوں سے، جن سے آپ کی پہچان بنی ان سے، اپنے گھروں سے، اپنے محلوں سے، اپنے شہر سے، اپنے ملک سے اور اس جہاں کے چپے چپے سے، اس میں بسنے والوں سے، تمام مخلوق سے، محبت ہی آپ کی پہچان ہے، محبت ہی آپ کا ایمان ہے، محبت میں کسی قسم کی آلودگی نہ آنے دیں، اسے پاک صاف رکھئے، اس جہاں میں ہر نظارہ، ہر جلوے کو محبت جانئے۔

یہ دنیا محبت کیلئے ہے، کسی سے نفرت مت کیجئے نفرت کرنے والا خود ہمیشہ نفرت کا شکار رہتا ہے کبھی جسمانی لذت کے غلام مت بنئے، کیونکہ غلام ہمیشہ ہی حضوری میں رہتا ہے، اس کی اپنی ذات کچھ نہیں، انسان ہوتے ہوئے جانور رہتا ہے، پالتو جانور، جیسے کتا۔

پیار ...... عشق ...... محبت

ناظرین آج کل نئی روشنی والے لکھے پڑھے لوگوں نے علم جادو جنتر منتر یعنی عملیات و تعویذات وغیرہ کو ناممکن بلکہ وہم سمجھ لیا ہے اور اسے خلاف قانون قدرت قرار دیدیا ہے بلکہ وہ انہیں نفرت کی نظر سے دیکھتے ہیں حالانکہ ان کے خیالات ویسے ہی غلط ہیں جس طرح کہ ان کے خیال میں علم جادو غلط ہے آج کل کے بعض لوگ اس علم سے اس قدر ناواقف ہیں جیسا کہ ایک پہلی جماعت کا لڑکا اقلیدس سے ہو سکتا ہے جس علم کے متعلق ہم پوری واقفیت نہیں رکھتے اسے صرف فیشن کے طور پر یا سن سنا کر ہی لغو قرار دینا نہایت ناانصافی ہے بلکہ ہم تو اسے بے وقوفی کہیں گے۔

کہتے ہیں جنگ اور محبت میں سب کچھ جائز ہے، ایسا وہ لوگ کہتے ہیں جو محبت کو سمجھتے ہی نہیں یا وہ اس کی قوت سے ناآشنا ہیں، اگر محبت سچی ہو تو پہاڑ کو بھی موم کر دیتی ہے، انسان اپنے محبوب تک رسائی حاصل کر لیتا ہے، لیکن یہ محبت تو صرف وہ اہل ایمان ہی سینوں میں موجزن ہوتی ہے، جہاں عشق الٰہی سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتا ہے، یہاں ہمارا موضوع وہ نہیں جو دلوں کا وظیفہ ہے۔ ہاں یہ ضرور ہے کہ اگر انسان دنیاوی عشق کی بجائے اللہ سبحانہ تعالیٰ اس کا رخ موڑ دے تو اور بات ہے۔ یہاں ہم ان اہل دل سے مخاطب ہیں جو ظاہری حسن والا پر دل ہار بیٹھتے ہیں اور خود کو اسکے تصور میں مجنون کئے رکھتے ہیں، اور ان کی کوشش ہوتی ہے کہ کسی طرح وہ اس کی شریک زندگی بن جائے، اور اس کیلئے ہر طالب ہزاروں فکریں کرتا ہے۔ طرح طرح کے طریقے نکالتا ہے۔ قسم قسم کی تدبیریں کرتا ہے کہ اپنی مراد تک پہنچ جائے۔ کہیں اپنا دوست کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا ہے کہیں مال و زر (اگر ہے) تو خرچ کرنے سے دریغ نہیں کرتا۔ کہیں دوسروں کے احسان کا بار اپنی گردن پر رکھ لیتا ہے اور کہیں خود اپنی جان جوکھوں میں ڈال دیتا ہے لیکن جب دل تسخیر کا راست اور تیر بہدف

طریقہ تو کچھ اور ہی ہے اور وہ ہر شخص کو بشرطیکہ وہ ذرا سی کوشش گوارا کرے تو حاصل ہوسکتا ہے۔ لیکن اس کیلئے کچھ اصول، کچھ قواعد اور قلب میں پاکیزگی ضروری ہے، ایک بات یاد رکھیں دنیا میں کوئی بھی کام انسان اور شیطان کے درمیان کھڑے ہو کر انجام دیتا ہے، اب اس کا رجحان جس طرح ہوگا اس میں وہ خصوصیات آجائیں گی۔ اور وہ اپنے اس انجام کی طرف محوِ سفر ہو جائے گا۔ چونکہ اگر ارادہ بد ہے تو یقیناً اس کا انجام برا ہوگا، ہوسکتا ہے کہ وقتی طور پر کامیابی حاصل ہو جائے لیکن زندگی تمہارے اعمال پر نظر جمائے منتظر رہے گی، اس کے نجوم سے آگاہی دی جائے، وہ انجام کیا ہوگا، آپ کے اپنے گھر میں بھی صنف نازک کسی بھی رشتے کی شکل میں موجود ہیں، ان کے ساتھ بھی وہ شیطانی کھیل جو آپ دوسرے کے کھیلنے کا سوچ رہے ہیں۔ ان کے ساتھ کوئی اور شیطان اپنے ناپاک ارادے کی تکمیل کر رہا ہو یا ممکن ہے آپ کی بننے والی عورت آپ کی بدنامی کا باعث ہو، آپ یقیناً ہمارا مقصد سمجھ گئے ہوں گے، اس لئے قلب کی سچائی کے ساتھ اور ایمان کی پختگی سے جس کسی کیلئے بھی چاہت کا جادو جگائیں اسے زندگی بھر ساتھ نبھانے میں موسم بہار کا انتخاب کریں، ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا اور آپ سے امید رکھتے ہیں کہ آپ عملی طور پر ایک خوبصورت انسان ثابت ہوں گے۔

بہر کیف ہمارا دعویٰ ہے کہ اگر ہماری کتاب کے اسباق و ہدایات عملیات کی کماحقہ پیروی کی جائے تو یقیناً ہر شخص اپنے مقاصد میں کامیاب ہوسکتا ہے اور دنیا میں خاطر خواہ نیک زندگی بسر کرسکتا ہے۔

یہاں ہم وہ نقش و تعویذات دے رہے ہیں، جو اہل اسلام کیلئے ہیں، ہر حرف اپنے وجود میں ایک مخصوص اثر و قوت رکھتا ہے یہ صرف ان حضرات کیلئے ہے جو یقین و ایمان کی دولت سے مالامال ہیں، جو انہیں صرف حرز و مرائی تصور کرتے ہیں، انہیں ہم قطعی قائل کرنے کی کوشش نہیں کی گئی، آپ نے دیکھا ہوگا کسی بھی میڈیکل اسٹور کو یہ بتانے کی ضرورت پیش نہیں ہوتی کہ یہ دوا کس کام میں آئے گی، جو ڈاکٹر نے لکھ دی مرض کی تشخیص سے دوا تجویز کردی، وہ پرچہ لے کر میڈیکل اسٹور سے طلب کر لیا جاتا ہے۔ اس کے یقین

پر منحصر ہے کہ وہ اس دوا پر بھروسہ کرے یا ڈاکٹر کی تشخیص کو رد کر دے، ڈاکٹر اس کے گھر جا کر اسے یقین دلانے کی کوشش ہرگز نہیں کریگا۔

لیکن ایک بات ذہن نشین رکھئے جیسا کہ ہم بیان کر آئے ہیں جو بری نیت اور ابلیسی خیالات کو ذہن میں رکھ کر کوئی کام کرتے ہیں ان کا انجام کبھی اچھا نہیں ہوا عملیات کے موکل ایسے غلیظ اور بدکردار شخص کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور اس کے عمل کو ناقص کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور جہاں ذرا سی غلطی ہوئی انہوں نے اس کے ناپاک وجود کو غلاظت میں دفنا دیا۔ اس کی سانسوں میں غلاظت کی بدبو آنے لگی۔ اس لئے گزارش ہے اور زندگی کو بہتر بنانے اور نیک خیالات کے تحت یہ عمل کریں اگر آپ کو کوئی نقصان ہوگا تو میں اللہ کے سامنے بری الذمہ ہوں گا اور تم مجرم، گنہگار، ابلیس کے کارندے ٹھہرائے جاؤ گے۔ ایک بار پھر ہم آپ کو تاکیدی تنبیہ کر رہے ہیں کسی دوسرے کی بہن بیٹی کی طرف غلط نظر ڈالنے سے پہلے اپنی بہن، بیٹی، بیوی کو توجہ سے دیکھیں۔ کہیں تمہاری گندی سوچ ان کی زندگی پر اثر انداز نہ ہو رہی ہو۔

شوکت علی شاکر قادری


عبدالرزاق

عملیات محبت

معہ اعمال و خواص سورتہائے قرآن مجید

خدا کے پاک کلام کی سریع الاثر تاثیر سے کس کو انکار ہے۔ خدا کے نام کی برکت اور قوت سے آپ دونوں جہان کی برکات حاصل کرسکتے ہیں۔ دنیا میں کونسا کام ہے جو اللہ کے نام کے بغیر ہے۔ اگر ہے تو غیر ہے۔

ذات باری تعالیٰ کے مخفی خزائن جنہیں ہر ایک انسان نہیں جان سکتا، ایسے ایسے جو اگر معلوم ہو جائیں تو کیا کچھ نہیں ہوسکتا۔ اسم اعظم ہی کی برکت تھی جو ایک بندۂ حق نے بلقیس شہزادی کا تخت حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے آنکھ جھپکنے سے پہلے لا دیا۔

اس کتاب میں محبت کے خالص ایک سو عمل آیات قرانی و اسماء ربانی و نقوش لاثانی اس طرز سے شائع کئے گئے ہیں جو آج تک شائع نہیں ہوئے تھے اور نہ کسی عامل نے بتائے تھے۔ خالص اور جائز عملیات دیکھنے کا شوق ہو تو آپ صرف اسی کتاب سے حاصل کرسکتے ہیں بغیر بخل کے ان کا اظہار ایسا ہے جیسا کسی نے کہا ہے:

کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

اگر صحیح عملیات کی قدر ہے تو اس کتاب سے حاصل کریں جائز ضرورت اور [illegible] کیلئے ہے۔ نا جائز عشق و عاشقی کیلئے [illegible]۔

عبدالرزاق

پرچہ بشرطی نمبر ۵۱

قانونِ کشش

یہ تو آپ کو معلوم ہی ہے مقناطیس کا کام ہے اپنے ہم جنس کو اپنی جانب کھینچنا، اب یہ اس کی قوت پر منحصر ہے کہ وہ کس قدر وزنی شے کو اپنی جانب کھینچنے کی قوت رکھتا ہے، اس میں جس قدر ثقل کشش ہوگی، وہ اپنے سے کئی گنا طاقت ور کو اپنی کشش کی قوت سے کھینچ لے گا، لیکن انسانوں میں اس مقناطیست کو ہم کشش کے نام سے پکارتے ہیں، لیکن شاید آپ مجموعی طور پر اس طاقت سے آگاہ نہیں، اس لئے ہمارا یہ مختصر سوال کیا آپ جانتے ہیں کہ کشش کس چیز کا نام ہے۔ اس چار حروف کے مختصر مجموعہ میں کس قدر معنوی وسعت پنہاں ہیں۔

آیئے ہم آپ کو بتائیں کہ کشش ایک لطیف ترین غیر مرئی (جو کہ نہ دکھائی دے) قوت کو کہتے ہیں جس کا عمل تمام ذی روح اشیاء پر حاوی ہے۔ دنیائے فطرت کی ہر چیز میں یہ وصف موجود ہے یا تو وہ دوسری چیزوں کو اپنی طرف کھینچ لیتی ہے یا دوسری چیزوں کی جانب کھنچی جاتی ہے۔ یہ ایک قانون قدرت ہے۔ آپ کا اثر دوسروں پر پڑے گا یا دوسروں کے اثر سے آپ مغلوب ہو جائیں گے۔ یہ دونوں حالتیں اسی کشش کے ماتحت واقع ہوتی ہیں اور اب یہ آپ کی سمجھ پر منحصر ہے کہ دوسرے آپ کو اپنی طرف کھینچ لیں یا وہ آپ کے اثر سے مرعوب ہو کر آپ کی جانب کھنچے آئیں۔ دوسروں کو اپنی طرف کھینچنا ہے یا ان پر اپنا اثر ڈالنا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ آپ کو ان پر زیادہ طاقت اور زور حاصل ہو جائے یعنی جب تک آپ دوسروں کے مقابلے زیادہ قوی اور بارعب نہیں ہوں گے۔ اس وقت تک ان پر آپ کا اثر نہیں ہو سکتا۔

اب یہ بات تو آپ بہتر طور پر آگاہ ہیں کہ جب تک کہ دوسروں پر غلبہ پانے کی [illegible] آپ اپنے مقصد [illegible] ہی ممکن

ہے جب تک کہ اس کے پوشیدہ اسرار سے پوری طرح آگاہی نہ ہو، کیونکہ یہ ایک راز ہے۔
جی ہاں ایک راز اور جو شخص اپنا وقت صرف کرنا اور محنت سے کام لینا چاہتا ہے اور ارادے کا مضبوط ہوتا ہے تو اس پر یہ راز ضرور آئینہ ہو جاتا ہے۔

یہ طاقت ہر ایک شخص کے پاس موجود ہے اس کو کہیں باہر سے نہیں لانی پڑتی صرف اس کی نشوونما کی ضرورت ہے۔ جس کیلئے اعتماد و استقلال دو باتیں بہت ضروری ہیں کمزور، متلون مزاج ہے۔ جس کیلئے اعتماد و استقلال یہ دو باتیں بہت ضروری ہیں کمزور، متلون مزاج، ضدی اور مغرور انسان کبھی دوسروں پر غالب نہیں آ سکتا۔ جب تک اس میں یہ دونوں خوبیاں پیدا نہ ہو جائیں۔

آپ اگر ہماری ہدایتوں کے مطابق صدق دل سے عمل کریں تو آپ کو دوسروں پر غلبہ حاصل کرنے میں بہت کامیابی حاصل ہو سکتی ہے اور یقیناً ہو سکتی ہے، تجربے سے یہ معلوم ہوا ہے کہ اگر انسان دنیا کی دوسری اور باتیں سیکھ سکتا ہے۔ ہنر سیکھ سکتا ہے، تو اسکیلئے ہمارے اصول اور طریقے سیکھ لینا اور ان پر عمل کرنا بھی ناممکن نہیں ہے جن اصحاب نے آزمائش کی ہے۔ ان کی تعداد اس قابل نہیں کہ انگلیوں پر گنا جا سکے اور ان میں سے ہر ایک نے فرداً فرداً ان اصولوں کے کارگر ہونے کے متعلق اطمینان اظہار کیا ہے۔
اگر آپ نے ان کے بیانات پر یقین کریں اور ہماری ہدایتوں پر عمل پیرا ہوں تو ہم آپ کی کامیابی کا ذمہ اپنے سر لیتے ہیں۔

اس موضوع کی درس تدریس کیلئے آپ ایک نئے میدان میں، زندگی کے شعبے میں، قدم رنجا ہوں گے۔ یہی نہیں بلکہ آپ ایک اہم مہم طے کرنے کیلئے آمادہ ہوں گے۔
اس میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے انسانی ارادے مستحکم ہونا ضروری ہے جس میں آپ عنقریب داخل ہونے والے ہیں۔ اس میں آپ کی ذاتی قابلیت یا مذہبی انسانیت کا کوئی واسطہ نہیں۔ آپ کا تعلق کسی مذہب، کسی فرقے یا سیاسی جماعت سے ہو، ممکن ہے کہ آپ [illegible] دوسروں کے دل و دماغ پر حکومت کرنے کی طاقت اور قابلیت آپ میں کتنی ہے [illegible]

کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی۔ ہم آپ کو احتیاطاً بتا رہے ہیں کہ خواہ ہماری ہدایتیں بادی نظر میں بالکل سادہ اور معمولی ہوں اس کی پیروی ہر عمل میں لازمی ہے۔

ممکن ہے کہ آپ کو ہماری یہ باتیں گراں محسوس ہوں، اور ناگوار خلش کی باعث ہو، لیکن آپ سے درخواست ہے، ہماری کسی بات کا ہرگز برا نہ مانئے گا۔ ایک دن آپ خود اس بات کا اعتراف کریں گے کہ وہ تمام ہدایت زریں رقم تھیں۔

اکثر ہم آپ کو ایسی باتوں سے آگاہی دیں گے، جن سے کام تو بڑے بڑے ہو جائیں گے لیکن وہ بذات خود بالکل چھوٹی محسوس ہوں گی اور دوسرا شخص ان کی افادیت سے بے بہرہ ہونے کے باعث یہ سمجھتا ہے کہ ان سے مطلوبہ نتائج نہیں ہو سکتے۔ لیکن اصلیت یہ ہے کہ اگر واقعی ان ہدایتوں کی بخوبی پیروی کی جائے تو آپ ہم سے بھی زیادہ ان کی تعریف کے پل باندھنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ہمارے طریقے کے کامیاب ہونے کا ثبوت سب سے زیادہ ان حضرات سے مل سکتا ہے۔ جنہوں نے ہماری ہدایت اور تعلیم پر عمل کیا ہے وہ ہم سے بھی زیادہ اس کی تعریف و ستائش کریں گے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا اثر دوسروں پر پڑے وہ مضبوط اور دیرپا ہو تو مناسب یہ ہے کہ آپ اس طریقے سے ان پر اثر ڈالیں کہ خود انہیں ایسا کرنے کی خبر نہ ہو اور ان لوگوں کو ایسا معلوم ہو کہ وہ خود جو کچھ کرتے ہیں خود ذاتی خواہش اور ارادے سے کرتے ہیں اور ان کاموں کو کرانے والا کوئی دوسرا وسیلہ نہیں ہے۔ اس لئے لوگوں پر اپنا اثر ڈالنے کیلئے دلچسپی اور ذاتی فیصلے سے کام کیجئے۔ آپ ہر شخص کو اپنے بس میں کر سکتے ہیں۔ ہر شخص کی فطرت، مزاج، طبیعت جداگانہ ہوتی ہے اس لئے مختلف اشخاص کو قابو میں لانے کیلئے مختلف پہلو سے کام لینا پڑتا ہے کیونکہ تجربے سے معلوم ہوا ہے کہ ضروری نہیں کہ سب انسانوں پر ایک ہی طریقے سے اثر ڈالا جائے کہ کوئی شخص کسی چیز سے مرعوب ہوتا ہے اور کسی پر کسی چیز کا اثر پڑتا ہے یہ قانون فطرت ہے بقول شاعر

[illegible] رنگ سے ہے زیست چمن

[illegible] جہاں کو ہے [illegible]

اس لئے کچھ عمل ضروری ہیں، اور کچھ مشقیں، مشقیں جو آگے چل کر بتائی جائیں گی۔ ان میں ایک ہی ساتھ کمال حاصل کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے رفتہ رفتہ آہستہ آہستہ ترقی کرنے کی ضرورت ہے۔ اس سے جو نتیجہ برآمد ہوں گے وہ پائیدار اور یقینی ہوں گے اس لئے اگر آپ بحرف ہماری ہدایتوں کے مطابق عمل کریں گے تو یاد رکھئے کامیابی و کامرانی دست بستہ آپ کے سامنے کھڑی ہو جائے گی فتح و ظفر کا تاج آپ کے زیب سر ہوگا اگر بالفرض محال شروع شروع میں ایک مرتبہ ممکن ہے آپ اپنے مقصد میں کامیابی حاصل نہ کر پائیں، تو اس میں مایوس ہونے کی ضرورت نہیں ہے، ایسا اکثر ہوتا ہے، اس سے دل شکستہ نہ ہونا چاہیے اور نہ ہمیں مورد الزام ٹھہرانے کی ضرورت ہے۔

آپ دوبارہ غور کر کے ہدایتوں کا مطالعہ کریں اور یہ اندازہ لگائیں کہ آپ سے کہاں غلطی یا کوتاہی ہوئی ہے اور مسلسل کوشش کرتے رہیں ایک نہ ایک روز کامیابی ضرور حاصل ہو جائے گی، کسی بھی محاذ پر، کسی بھی قلعہ کو فتح کرنے میں ضروری نہیں کہ آپ پہلے حملے میں کامیاب ہو جائیں، اگر آپ تواریخ کے صفحات کا مطالعہ کریں تو آپ کو خود یہ احساس ہو جائے گا، بڑے فاتح قوت افواج اور سامان جنگ کے سوا پہلی بار یا دوسری بار حملے میں اپنے مقصد کی تکمیل نہیں کر پائے بلکہ قلعہ کا محاصرہ کئی کئی ماہ رکھنا پڑا، یہ بھی آپ کیلئے ایک محاذ ہے اور یہ مشقیں ایک قلعہ، آپ مسلسل تواتر سے اسے جاری رکھیں، اسے اپنی ضد بنالیں ان شاءاللہ کامیابی آپ کا مقصد ہوگی، ایسا ہر صورت ممکن ہے اس کے ہم ذمہ دار ہیں۔



رنج بشری نمبر 02

عام چال چلن

دوسروں کو اپنی طرف کھینچنے کیلئے ہر ایک میں یہ عام بات ہوتی ہے کہ اپنے اندر کچھ خوبیوں کا پایا جانا یعنی چال چلن، طریقہ نشست و برخاست اور باہمی سلوک اس کیلئے حسب ذیل ہدایتوں پر عمل کریں۔

☆ ہمیشہ حلم اور بردباری سے کام لیں اور ایسے انسان بن جائیں جو اپنا ہی مدعا برائے تکمیل سے بخوبی واقف ہو اور حصول مقصد میں جلد بازی سے کام نہیں لینا چاہیے۔ خود پر اعتماد رکھئے، جو کام آپ کر رہے ہیں، وہ کامیابی کا زینہ ہے، کیونکہ اس کو اعتماد ہوتا ہے کہ مطلوبہ شے ضرور ضرور دستیاب ہو جائے گی۔ اس لئے انسان کو کسی بات کیلئے بے چین اور بے صبر نہیں ہونا چاہیے۔

☆ اگر آپ کو کسی سے رنجش ہے تو آپ اپنی شکایت کی کسی کو بھی ہوا نہ لگنے دیں نہ کسی سے ہمدردی کے طلبگار ہوں اور نہ کسی سے تعلق اور خوشامد کی توقع رکھیں۔ اپنے مسائل کا کسی سے ذکر نہ کریں اور نہ کسی کی طرف سے اپنے ذہن کو آلودہ کریں۔

☆ ہمیشہ نیکی اور مہربانی کے اظہار میں پیش قدمی کریں دوسروں کے ساتھ نیک سلوک کرنے کیلئے آپ کے دست و بازو آگے بڑھیں، ہر ایک ایسے کام میں حصہ لیں جو نیک حرکت عمل ہو۔

☆ کسی مسئلہ پر بھی بحث و حجت نہ کریں۔

ان اصولوں پر بڑی احتیاط کے ساتھ عمل کرنا چاہیے اور جب آپ کو کسی اطلاع موصول ہو خواہ وہ اطلاع کیسی ہی فضول حقیر کیوں نہ ہو جو آپ اپنے ملاقاتی کو سنانا چاہیں تو آ[illegible]ی سے کام لیں کیونکہ دوسروں کو اپنے بس میں کرنے کی کوشش ہوگی۔

[illegible] دوست کو

موصول اطلاع سے آگاہ کرنے کی خواہش واقعی بڑی زبردست طاقت ہے جس کے زیر اثر ہو کر آپ یقیناً دوست کے پاس جانے کیلئے تیار ہو جائیں گے۔ اب اگر آپ دوست کے پاس چلے گئے تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آپ کی قوت خواہش صرف ہو جائے گی اور اگر آپ وہاں نہیں جائیں گے تو خواہش دبی رہ جائے گی اور خرچ نہ ہوگی خواہش بھی ایک طاقت ہے اور جس قدر یہ صرف ہوگی اسی قدر اس کی قوت گھٹ جائے گا اس لئے مناسب یہ ہے کہ اس خواہش کو محفوظ رکھ جائے صرف نہ کیا جائے کیونکہ اگر آپ اس طاقت کی مقرر اور مطلوبہ مقدار اپنے میں محفوظ نہ رکھیں گے اور ذرا ذرا سی باتوں پر اس کو صرف کیا کریں گے تو پھر بتایئے کہ ضرورت کے وقت آپ کو کامیابی کیسے حاصل ہوگی اس وقت طاقت کے نہ ہونے سے آپ کف افسوس مل کر رہ جائیں گے اور مقصد حاصل نہ ہو سکے گا۔ پہلے طاقت جمع کر کے پھر اس کے بعد صرف کیجئے گویا اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ خواہش کو روکنے سے مراد ہے اپنی طاقت کو محفوظ رکھنا لیکن اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ خواہش کیونکر رک سکتی ہے جن چیزوں کو ہم پسند نہیں کرتے ان کی ہمیں خواہش بھی نہیں ہوتی اس لئے اگر ہم ان چیزوں کا [illegible] کرنے لگیں جن کی ہمارے دل میں خواہش موجود ہے تو ہم خواہش پر قابو پا سکتے ہیں۔

آپ نے اکثر دیکھا ہوگا کہ کچھ حضرات ایسے ہوتے ہیں جن باتوں پر لوگ خاص توجہ نہیں دیتے وہ ان پر بولتے رہتے ہیں، جبکہ کوئی ایسا شخص جو خاموش رہتا ہے لوگ اسے عقلمند سمجھتے ہیں اور اگر کبھی وہ کوئی بات بیان کرتا ہے تو لوگ بعد اور تجسس سے اس کی بات سننے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کی بات کو اہمیت دیتے ہیں۔

چونکہ ہمارا مقصد یہ ہے کہ ہر قسم کی خواہش کو قابو کیا جائے ہم ان چیزوں سے نفرت کریں جن کی ہمارے دل میں زیادہ خواہش ہے۔ ہر ایک قسم کی زبردست خواہش کا روکنا بہت مشکل ہے مگر مشق سے آپ کی کوشش کامیاب و آسان ہو سکتی ہے۔ یہ کامیابی کا زینہ [illegible] کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔

خاموشی سے بلائیں

دوسری بات یہ ہے کہ اپنے دوستوں یا ملاقاتیوں پر کبھی اپنی صفات یا رائے کا اظہار نہ کیجئے حتی الامکان ان مسائل پر خاموشی اختیار کرنی چاہیے مثلاً ایک شخص آپ کے پاس ضروری خبر لایا ہے، جس کو سنتے ہی آپ عام طور پر لوگ حیرت واستعجاب کا اظہار کرنے لگتے ہیں لیکن ہمارے اصول وقواعد سے آپ کو واجب ہوگا کہ حیرت واستعجاب سے محض ان چیزوں کو سن لیں صرف انداز سے یہ ظاہر کر دینا ضروری ہے کہ آپ کو اس خبر سے بے تعلقی نہیں ہے۔ آپ کو ایسا کرنے سے اس شخص کو بڑی حیرت ہوگی کیونکہ وہ سمجھے گا کہ جس بات سے وہ اس قدر متاثر ہوا تھا اس کا آپ کے سر پر ذرا اثر نہ ہوا اور وہ آپ کو نہایت متین، سنجیدہ، سلیم الطبع سمجھ کر آپ کی عزت کرنے لگے گا۔ جب وہ دیکھے گا کہ اس تعجب خیز اطلاع سے آپ کے دلی سکون میں کوئی خیر اتی وائل نہیں ہوئی نہ طبیعت میں کسی قسم کا جوش پیدا ہوا ہے تو قدرتاً آپ کے اس انداز کا قائل ہو جائے گا اور سمجھنے لگے گا کہ آپ کو اپنے دل پر قابو حاصل ہے آپ کی طبیعت بالکل ذکی الحس اور زود اثر نہیں ہے اس طرح اس کے دل پر آپ کی ہیبت بیٹھ جائے گی۔

یہ امر بھی فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ آپ لوگوں کیساتھ سلوک میں بڑی عقلمندی اور چابکدستی سے کام لینے کی ضرورت ہے اگر کہیں آپ کے تبدیل شدہ مقصد کا دوسروں کو پتہ لگ گیا تو سمجھ لینا چاہیے کہ آپ کو کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی اس راز کا اظہار کامیابی کے حق میں سم قاتل ہے۔ اس لئے نہایت سکون اور اطمینان سے اپنے مقصد کی طرف بڑھئے۔



میٹھے بول سے جادو کیجئے

اب ہم آپ کو لوگوں پر اثر ڈالنے کا طریقہ بتلاتے ہیں کسی شخص سے گفتگو کرنے کے دوران میں آپ برابر اسکے چہرے کی طرف دیکھتے رہیں ہمیشہ اس کے ناک کی ابتدائی سرے پر یعنی اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان نظر رکھیں اور اگر آپ بہت دیر اسی طرح دیکھتے دیکھتے تھک جائیں اور رخ بدلنے کی ضرورت محسوس ہو تو ادھر ادھر دیکھنے کی بجائے اس کے جسم کے کسی حصہ پر نظر رکھیں۔ لیکن جب سلسلہ کلام اس حصے پر پہنچ جائے جس کو آپ زیادہ موثر بنانا چاہتے ہیں تو اپنے مخالف کی طرف براہ راست دیکھکر نظر اس کی آنکھوں پر رہے یا ناک کے ابتدائی سرے پر مگر بڑے غور سے اس کی طرف دیکھنے کی ضرورت ہے دیکھنے نظروں کو مرکوز رکھئے۔

اگر آپ کسی شخص کو اپنے بس میں کرنا چاہتے ہیں تو صفائی کے ساتھ مگر پرزور لہجہ میں چند الفاظ میں اپنا مطلب اس پر ظاہر کر دیں اور اس گفتگو کے دوران میں نظر اسی شخص کی طرف رہے اور دل میں بھی یہ خیال مضبوطی سے جما ہو۔ آپ کے اثر سے وہ شخص مرعوب متاثر ہو کر ضرور بالضرور آپ کی حسب منشاء کام کرے گا نیز اس نظارے سے واقعہ یا الفاظ کی تصویر بھی اپنے ذہن میں بنائی جائے جو اس شخص سے کہنا چاہتے ہیں اگر ممکن ہو تو اپنے مخاطب کو بھی اپنی طرف سے نگاہ نہ ہٹانے دیں بلکہ وہ سامنے رخ کر کے آپ کی باتیں سننے لگے تو آپ اس کی ناک کے ابتدائی سرے پر نظر رکھیں نہایت استقلال اور خاموشی سے یوں ہی دیکھتے رہیں۔ مگر گھورنا مناسب نہیں ہے۔ خود کو دوسروں کے اثر سے محفوظ رکھنے کیلئے آپ کو بھی [illegible] چاہئے کہ دوسروں پر قابو پانے کا کتنا ہی شوق کیوں نہ ہو اگر آپکا مخاطب دوران کلام میں آپ [illegible] ضرور [illegible] ممکن ہے جو کچھ وہ شخص چاہتا ہے وہ آپ نہ کریں۔ لیکن بہر حال آپ [illegible]

اس کے کہنے میں آ جائیں گے۔ اس لئے ہمیشہ دوسروں کے اثر سے بچنے کیلئے اس وقت جب وہ آپ سے باتیں کر رہا ہو آپ اپنی نظریں ہٹالیں اور دائیں یا بائیں دیکھنے لگیں تاکہ اس کی باتوں پر غور کر کے اپنی پوری طاقتوں سے یہ فیصلہ کر سکیں کہ آپ کو اس کی باتوں پر اپنی خواہشوں کے مطابق کام کرنا چاہیے یا نہیں اس طریقہ سے آپ خود بخود فوراً دوسروں کو قابو کر سکتے ہیں۔ یہ ایک زبردست مشق ہے، اگر آپ نے اسے پوری توجہ سے اور اعتماد کے ساتھ کیا تو یقیناً آپ ہر میدان میں بادشاہ رہیں گے۔

نوٹ: اسباق مذکور کی مشق شروع کرنے سے پہلے آلہ کرسٹل پر دو ایک دن کی معمولی مشق ضرور کیجئے کرسٹل کے ذریعہ آپ مذکورہ بالا مشقوں میں فوراً کامیاب ہوں گے واقعی کرسٹل بڑے کام کی چیز ہے اس سے قائم نظر کی مشق آپ بآسانی کر سکتے ہیں۔ ہپناٹزم، ٹیلی پیتھی میں بھی اس کی ضرورت رہتی ہے۔ اگر آپ کو ٹیلی پیتھی سے کچھ دلچسپی ہے تو اسمیں بھی آپ بعد میں مشق جاری رکھتے ہوئے کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

☆



دوسروں کو بذریعہ ٹکٹکی مطیع کرنا

آیئے اب ہم دیگر مشقوں کی طرف چلتے ہیں دوسروں کو اپنے بس میں کرنے کیلئے مضبوطی اور استقلال کے ساتھ ٹکٹکی باندھنے کے بعد دیکھنا بہت ضروری ہے اس لئے آپ کو ایک شخص کی طرف بڑی دیر تک اس طرح دیکھنے کا طریقہ سمجھنا چاہیے اور وہ طریقہ حسب ذیل ہے:

سفید کاغذ کا ایک چھوٹا دائرہ کی طرح کا ایک گول ٹکڑا لے کر آئینہ پر رکھیے اور دیکھیے کہ آپ بلا آنکھ جھپکائے یا بلا تھکاوٹ کے کتنی دیر تک اسے دیکھ سکتے ہیں۔ اس عمل کو باربار کیجئے حتی کہ آپ کو دس منٹ یا پندرہ منٹ تک ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کی مشق ہو جائے۔ خیال ہے کہ ٹکٹکی لگا کر دیکھنے کے دوران آنکھوں سے قوت کا اظہار ہو رہا ہے اور ٹکٹکی بھی نہایت زبردست ہو بعد ازاں آئینے کے سامنے بیٹھئے اور اپنے پر نظر ڈال کر اس کے ناک کے ابتدائی سرے پر دیکھنے کی کوشش کیجئے گویا آپ کسی دوسرے شخص کو دیکھ رہے ہیں اس سے آپ کو نظر جما کر دیکھنے کی عادت ہو جائے گی۔

ممکن ہے اس میں آپ کو کافی وقت صرف کرنا پڑے اور آنکھوں میں تھکاوٹ بھی محسوس ہو، لیکن گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے، اسے آہستہ آہستہ وقفہ وقفہ سے انجام دیجئے، آنکھوں میں جلن یا تھکاوٹ محسوس ہو تو عرق گلاب، ٹھنڈے پانی کے چھینٹیں دیں، اور کچھ دیر کے لئے آنکھوں کو بند کر کے سکون و آرام دیں، اس مشق کے ساتھ ضد ہرگز نہ کریں یہ نہایت سکون کا کام ہے، لیکن اسے مسلسل جاری رکھیں ایک دو ہفتے میں آپ اس کے عادی ہو جائیں گے پھر اس کا وقت بڑھاتے جائیں۔

[illegible] تو اس کو اپنے کاروبار میں لانا شروع کیجئے جس قدر زیادہ مرتبہ [illegible]


عبدالرزاق

میں کسی ایک اور شخص کے پیچھے بیٹھے ہوں اور چاہتے ہوں کہ وہ شخص اپنا سر پیچھے ہٹا لے تا کہ آپ بھی سامنے کا منظر دیکھ سکیں تو اس کی گدی کی جانب سے اس ارادہ سے ٹکٹکی لگا کر دیکھیے کہ آپ کے ایسا کرنے سے وہ شخص اپنا سر پیچھے ہٹا لے۔ ابتداء میں پہلے تو آپ کو زیادہ کامیابی حاصل نہ ہوگی لیکن کئی روز تک متواتر مشق کرنے سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ آپ کو کس قدر امید افزاء نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ اس میں آپ کی قوت ارادی کو شیر کی حیثیت حاصل ہوگی۔

☆

روح بشر ہی نمبر ۵۵

قوت مقناطیسی

آگے چل کر آپ کو اس علم کی وہ آسان مشقیں بتلائیں گے جس کے ذریعہ آپ اپنی آنکھوں میں قوت مقناطیسی بڑھا کر اور پورے ماہر بن کر ہر فرد و بشر کو فوراً مطیع کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ مندرجہ ذیل تین چیزوں سے آنکھوں کی مقناطیسی قوت بڑھ سکتی ہے۔

1۔ سبزی سے 2۔ سیاہ داغ سے 3۔ آئینے سے

1۔ سبزی سے:

سبزی کی مشق کسی باغ میں کرنی چاہیے ان معمولوں سے جن کی بصارت کمزور ہے یا جن کو چشمہ یا عینک لگانے کی عادت ہے اور اس وجہ سے دوسروں کو مطیع کرنے کے عمل میں ناکامیاب رہتے ہیں ان کو چند یوم میں بہت فائدہ ہوگا نظر بڑھ جائے گی چشمہ لگانے کی ضرورت بھی محسوس نہ ہوگی اور اس طرح سے دوسروں کو مطیع کرنے میں جلد کامیاب ہوں گے [illegible] کسی [illegible] کی زراعتی زمین میں موسم کے مطابق چند [illegible] جدا جدا خیال رہے

میں کسی ایک اور شخص کے پیچھے بیٹھے ہوں اور چاہتے ہوں کہ وہ شخص اپنا سر پیچھے ہٹا لے تاکہ آپ بھی سامنے کا منظر دیکھ سکیں تو اس کی گدی کی جانب سے اس ارادہ سے ٹکٹکی لگا کر دیکھیے کہ آپ کے ایسا کرنے سے وہ شخص اپنا سر پیچھے ہٹا لے۔ ابتداء میں پہلے تو آپ کو زیادہ کامیابی حاصل نہ ہوگی لیکن کئی روز تک متواتر مشق کرنے سے آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ آپ کو کس قدر امید افزاء نتائج حاصل ہو سکتے ہیں۔ اس میں آپ کی قوت ارادی کو شیر کی حیثیت حاصل ہوگی۔

☆

درج بندی نمبر ۵۵

قوتِ مقناطیسی

آگے چل کر آپ کو اس علم کی وہ آسان مشقیں بتلائیں گے جس کے ذریعہ آپ اپنی آنکھوں میں قوت مقناطیسی بڑھا کر ہر فرد و بشر کو فوراً مطیع کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ مندرجہ ذیل تین چیزوں سے آنکھوں کی مقناطیسی قوت بڑھ سکتی ہے۔

1۔ سبزی سے 2۔ سیاہ داغ سے 3۔ آئینہ سے

1۔ سبزی سے:

سبزی کی مشق کسی باغ میں کرنی چاہیے ان شخصوں سے جن کی بصارت کمزور ہے یا جن کو چشمہ یا عینک لگانے کی عادت ہے اور اس وجہ سے دوسروں کو مطیع کرنے کے عمل میں ناکامیاب رہتے ہیں ان کو چند یوم میں بہت فائدہ ہوگا نظر بڑھ جائے گی چشمہ لگانے کی ضرورت بھی محسوس نہ ہوگی اور اس طرح سے دوسروں کو مطیع کرنے میں جلد کامیاب ہوں گے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی باغ یا وادی کی زراعتی زمین میں موسم کے مطابق چند [illegible] کے پودے ہوں ان پر جدا جدا خیال جما

کر ٹکٹکی لگانا چاہیے اول سب سے چھوٹے پودے پر ٹکٹکی جمائیں کہ یہ ہماری کوشش سے دوسرے ہم عصروں سے بڑھ جائے گا اور واقعی ذہن نشین کر لینے سے دوسروں سے بڑھ جائے گا۔ آٹھ دس دن کے بعد دوسرے پودے پر نظریں جمائیں اور خیال میں لائیں کہ چار دن تک دوسرے درختوں سے اس کے دو چے زیادہ نکل آئیں گے اور ضرور ایسا ہی ہوگا۔ ایسے ہی اگر کسی پودے کو خشک کرنا چاہو یا رنگت میں زرد یا سیاہ یا سبز نظر آتا ہو تو تمہارے چند یوم کے تصور سے عوام الناس کو ویسا ہی دکھائی دیگا۔ یہ قوت ارادی اور قوت خیال کا کرشمہ ہے آپ آزما کر دیکھئے ضرور کامیاب ہوں گے۔ ہاں یہاں ایک بات عرض کرتے چلیں، چونکہ ہم جن شہروں میں رہتے ہیں، وہ گنجان آبادی کے ہیں، اس کیلئے آپ بڑے گملے لا کر اس سے اپنے مقصد کی تکمیل کر سکتے ہیں۔

2۔ سیاہ داغ سے:

جب آپ ٹکٹکی باندھنے میں عبور حاصل کر چکیں تو بعد ازاں سیاہ داغ سفید کرنے کی مشق کریں اس کا طریقہ یہ ہے کہ سفید دیوار پر ایک انچ گول سیاہ داغ بنائیں زمین سے اس قدر اونچا ہو کہ چار زانوں بیٹھ کر آنکھوں سے تین چار انچ اونچائی میں دیکھ سکو دیوار سے دو فٹ کے قریب فاصلہ چھوڑ کر بیٹھو اور خیالات ہر طرف سے روک کر ٹکٹکی لگاؤ سانس آہستہ آہستہ لینا چاہیے اور پختہ یقین کر لو چند منٹ تک تمام داغ سفید ہو جائے گا چنانچہ شروع میں ایک دو دن سفید بادل سے اڑتے نظر آئیں گے بعد ازاں 15-20 منٹ دیکھتے دیکھتے سارا داغ سفید ہو جائے گا اور طبیعت میں نہایت بشاشت و خیال اور جدت پیدا ہو جائے گی۔ کئی گھنٹے دیکھنے سے وقت گزرتا معلوم نہ دے گا بلکہ عجیب راحت و فرحت محسوس آپ کی عقل جیسی آنکھوں سے نکل کر عکس کی بجلی کے ذریعہ اس کے دل و دماغ پر اثر کر رہی ہے۔ اور وہ ابھی میرے قابو میں ہوا جاتا ہے۔ ہر روز نصف گھنٹے یہ عمل کریں اگر پہلے دن مشکل [illegible] آنکھ جھپکے دیکھ سکو جب آپ کی آنکھوں میں اس قدر قوت ہو جائے [illegible]

دیکھو گے وہ آپ کے سامنے نہ دیکھ سکے گا اور مطیع ہو جائے گا۔ اس کیلئے آپ کو چند دن بھی لگ سکتے ہیں اور مہینے بھی۔ یہ آپ کے اپنے خیالات کی قوت پر منحصر ہے لیکن اگر کچھ پانا ہے تو وقت کا خیال ہرگز نہ کیجئے صرف اس بات پر توجہ رکھئے کہ آپ کی منزل آپ کا مقصد ہے۔

3۔ آئینہ سے:

ایک بڑا آئینہ خرید لو جس میں چہرے سے لے کر گردن تک کا تمام حصہ دکھلائی دے اس میں سے خود کو دیکھنا شروع کرو عکس کی بائیں آنکھ کی پتلی کو نظر کا مرکز بناؤ اور یکسو قلب ہو کر توجہ کرو کہ تمہاری مقناطیسی آنکھوں سے عکس کی پتلی نکل کر اس کے دل و دماغ پر اثر کر رہی ہے۔ اور وہ ابھی ابھی بے ہوش ہوا چاہتا ہے۔ اسمشق کو مسلسل تواتر سے کریں چونکہ اس سے قبل آپ بہت سی مشقیں انجام دے چکے ہیں، اور اس میں کامیاب رہے ہیں۔ اس لئے ضروری ہے اس مشق کو تواتر سے کریں۔

ہر روز نصف گھنٹہ یہ عمل کریں چند یوم میں اور بعض عام 15 یوم میں حالت روشن ضمیری یا سماوی میں چلے جاتے ہیں۔ اپنے گھر والوں کو تاکید کر دو کہ حالت بے خبری میں کوئی بھی تمہیں جگائے نہیں کیونکہ اس عمل میں خود بخود جاگنا بہت مفید ہوتا ہے۔

نوٹ: اس عمل کیلئے بالخصوص تنہائی کی ضرورت ہے۔ اپنے مکان میں ایک علیحدہ جگہ اس کام کیلئے منتخب کر لو جہاں آپ کی اجازت کے بغیر کوئی نہ آئے۔

استعمال: سرد و تر اشیاء مثلاً دودھ گھی زیادہ استعمال کرنا چاہیے کیونکہ ان ایام میں گرمی خشکی بڑھ جاتی ہے۔

پرہیز: گرم خشک اشیاء اور تیل والی اشیاء اور ترش دہی سے پرہیز لازمی ہے۔

جب اس عمل میں کامیاب ہو جائیں یعنی جب کہ خود بخود روشن ضمیری ہو جائے تو [illegible] محبت کی آگ تمام منتروں کو نہایت آسانی سے خود حاصل کر لیں گے۔ اور اپنے ہر کام [illegible] کام لیجئے گا



طریقہ جو ہمارا معمول اور مجرب ہے بلحاظ تحریر میں لاتے ہیں، شائقین اس کو بہت مفید پائیں گے کیونکہ اس کتاب میں جو کچھ ہم نے رقم کرتا ہے وہ سوائے تجربہ حاصل کئے نہیں کرتا۔ اس لئے ہم اپنے ناظرین کو بھی مستفید کرنا چاہتے ہیں کہ یہ کتاب ہر طرح سے مکمل اور کامیاب صورت میں تکمیل ہو کر ناظرین کے پیش خدمت ہے اور یہ صدیوں تک اپنا جادو جگاتی رہے گی کیونکہ عمل کبھی ختم نہ ہونے والی چیز ہے۔



طریقہ بشرطی نمبر 07

اپنی آنکھوں سے دوست بنائیں

کسی شخص کے نزدیک جاتے ہوئے ہمیشہ اس کی طرف دیکھنا چاہیے اسکی آنکھوں کو دیکھو یا اس کی آنکھوں کے درمیان ناک کی جڑ کو دیکھو اگر دیر سے دیکھ رہے ہو تو اپنی نظر نیچے اوپر بھی کر سکتے ہو، اس وقت عمل کرو جب تم اسے کوئی ایسا حکم دے رہے ہو، جس کی تعمیل کرنے کیلئے تم اسے مجبور کر رہے ہو، اگر تم کسی سے بہت دیر بات چیت کرنا ہو تو درمیان میں حسب مرضی چاہے ادھر ادھر نہ دیکھا کرو، لیکن جب تم اپنے مطلب پر پہنچو جس کو تم موثر بنانا چاہتے ہو تو بولتے وقت سیدھے اسکی آنکھوں کی طرف یا ناک کی جڑ کو دیکھو، گہری نظر اور ایک ٹک نظر سے دیکھنے کی مشق کرو جھانکنے یا چندھیانے سے آنکھوں سے بھی کسی پر اثر نہیں پڑتا گہری اور دور از نظر سے دیکھو، لیکن اس نظر سے تم اس وقت تک نہ دیکھ سکو گے جب تک تمہاری مشق مکمل نہ ہو جائے اور ساتھ تمہاری قوت ارادی بھی زبردست ہو۔ جب تم کسی سے کوئی بات منوانا چاہو تو اپنی نظر کو مخاطب کی آنکھ سے آنکھ ملاتے ہوئے ذکر کرو اور اپنے دل میں یہ بات مضبوط رکھو کہ تم اس پر اپنا اثر ضرور ڈال دو گے اور اس بات کا بھی یقین رکھو کہ وہ تمہاری بات منظور کرے گا بات چیت کے درمیان، جس وقت تم اس پر اثر ڈال رہے ہو جہاں تک ممکن ہو اس کو ادھر ادھر نہ دیکھنے دو اگر وہ ادھر ادھر دیکھے تو

تو اس کو تمہاری باتوں پر غور کرنے کا موقع نہ مل سکے گا۔ کوشش رکھو کہ اس کی توجہ تمہاری طرف رہے۔

جب تک وہ تمہاری طرف اور تم اس کی طرف دیکھ رہے ہو اور تمہاری آپس میں بات چیت ہو رہی ہے تو تمہاری باتوں پر اس کو غور کرنے کا موقع ملے گا۔ وہ تمہاری باتوں کو منظور کرے گا۔

بات چیت کے وقت خاص خاص موقعوں پر کسی آدمی کی توجہ اپنی طرف پھیرنے کی کئی ایک تجویزیں ہیں۔ مثلاً تمہارا مخاطب ادھر ادھر دیکھنے لگے تو ایک تدبیر یہ ہے کہ تم بھی اس کی طرف نگاہ پھیرو اور اس سے پہلے کہ وہ تمہاری طرف دیکھنے کی کوشش کرے پورے طور پر ممکن ہے کہ تم اپنی بات میں کامیابی حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرو۔



برائے بندش عمل نمبر ۵۵

ہاتھوں کی کشش والا عمل

ہاتھوں کی کشش کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سرہانہ یا کوئی بڑی مجلد کتاب میز پر رکھو خود میز کے پاس کرسی کے ساتھ لگ کر بیٹھو دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کو نیچے کو جھکا ئے مذکورہ بتدریج اوپر اپنی طرف لاؤ دونوں ہتھیلی کھلی رہیں۔ اپنے جسم کے ساتھ لاکر الٹا جھکا دے کر دوبارہ ایسا ہی پے در پے عمل کرتے جاؤ۔ اول اول چند منٹ ہی ہاتھوں میں تھکاوٹ سی محسوس ہوگی بعد ازاں روزانہ ایسی مشق سے دو دو تین تین گھنٹے تک برابر ایسے پاس کئے جاؤ گے اور درمیان میں بیس بیس منٹ پاس کرنے پر اگر تم اپنی ہتھیلی چہرے کے قریب لاؤ گے تو ایک ہلکی سی ہوا تمہارے ہاتھوں سے نکلتی ہوئی محسوس ہوگی اور یہ تمہارے ہاتھوں میں کیمیائی قوت کے پیدا ہو جانے کا ثبوت ہے۔ پاس کرنے کا دوسرا طریقہ یہ ہے [illegible] رکھو کہ گویا تم اس عکس کو بلا رہے

ہو 15 منٹ روزانہ یہ عمل کرو۔

نوٹ: پاس کرتے وقت تمہیں اپنی انگلیوں سے جھنجھناہٹ یا سنسناہٹ معلوم ہوگی اور چہرے پر پاس کرتے وقت دائیں ہاتھ سے سردی بائیں ہاتھ سے گرمی محسوس ہوگی نیز اگر آپ ریشم کے باریک دھاگے کو ایک انچ کاٹ کر مجلد کتاب پر رکھو اور اسے بذریعہ پاس اپنی طرف کھینچ رکھو دیکھو اگر وہ باریک دھاگہ تمہاری طرف کھنچ آئے تو آپ سمجھ لو کہ تم پاس کرنے کے عمل میں کامیاب ہو گئے ہو۔ ہاتھوں کے اس عمل سے تم ایک باکمال مسمرسٹ بن کر دوسروں کو زیر مطیع کر سکتے ہو۔



ذریعہ اشرفی نمبر 09

تصور

آپ جانتے ہیں تصور کس چیز کا نام ہے۔ اس سے مراد وہ طاقت ہے جس کے ذریعہ سے دنیا خیالات میں ڈھالی جاتی ہے دوسروں کو بس میں کرنے کیلئے تصور بھی ایک ضروری وسیلہ ہے جو طالب علم مدارس میں پڑھتے ہیں ان کو محنت اور مستعدی کی دنیا میں قدم رنجا کرنے کیلئے تعلیم کے دوران میں تصور کی طاقت کے استعمال سے متنبہ کیا جاتا ہے لیکن یہ طاقت دل و ارادے کے ماتحت نہایت حیرت انگیز کارہائے نمایاں کر سکتی ہے۔

ہر قسم کی مخلوق اپنی اس طاقت کا دانستہ طور پر عالم نادانستگی میں اپنا کام کرتی ہے۔ اس کی مثال ایک کنجوس آدمی کی زندگی سے مل سکتی ہے وہ خود کو اپنی ضروریات زندگی مثلاً سامان تن و پوش وغیرہ کی خریداری کیلئے بالکل غریب تصور کرتا ہے۔ جس سے یہ چیزیں خرید کی جا سکتی ہیں مگر وہ یہ خرچ نہ کرے گا اور بھوکا رہ جائے کیونکہ اس کے دل میں تو یہ خیال [illegible] کے پاس ایک [illegible] ہے اور اس کی [illegible] کسی سے جان چلی جائے [illegible] وہ اور

رہا ہے وہ خود اس میں گرفتار ہے اور یہ محض اس خیالی دنیا کا ہی اثر ہے کہ وہ زندگی کے لطف سے ہمیشہ محروم رہتا ہے۔

دوسری طرف انسان کو دیکھئے جو اپنی قسمت سے پیدا کی ہوئی فارغ البالی کے مزے لوٹ رہے ہیں۔ دیکھئے کس طرح کامیابی بتدریج اس میں خود اعتمادی کے جوہر پیدا کر دیتی ہے اور آخر کار مسلسل تصور سے وہ ان چیزوں کو حاصل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے جن کیلئے اس کے دل میں خواہش موجود تھی اس لئے آپ کو بھی اپنے تصورات کو دل میں ماتحت رکھنا ہے اور اپنی روحانی وجسمانی ترقی کیلئے باقاعدہ اس سے جہد کرنی چاہیے۔

آپ کی عادات وفضائل بنانے میں تصور کا بڑا ہاتھ ہے۔ کیونکہ یہ عالم کا ایک بڑا زبردست عنصر یعنی جزو ہے لیکن اس لئے بھی ترکیب کو باقاعدہ بنانا اور قابو میں رکھنا ہے۔

تصور سے آپ کو یکسوئی خیالات بمطابق ترتیب حاصل ہوگی۔ یکسوئی کی عادت ڈالنے کیلئے آپ کو اس چیز کا تصور کرنا چاہیے جو آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں جس کے تصور سے آپ کا دل خوش اور پرسکون یعنی ساکت رہتا ہے۔ جب یہ محسوس ہونے لگے گا کہ آپ کا دل اس تصور میں بلا دقت ایک مدت معینہ تک مشغول رہ سکتا ہے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ یکسوئی مطلوبہ حاصل ہونے لگی ہے آگے چل کر اس نکتہ کو ہم زیادہ وضاحت کے ساتھ سمجھائیں گے۔

تصور کے عملیات میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے سب سے اول ہماری کتاب کے عمل نمبر 2 میں جب کامیابی حاصل کر لو تو مندرجہ ذیل تین عملیات کا تجربہ کرو۔

☆ کسی شخص کی کمر کے پیچھے کھڑے ہو جاؤ اور اس کی گردن کے پچھلے حصے پر خوب اچھی طرح سے ٹکٹکی جماؤ اپنی نظروں کو مرکوز اور اپنے دل میں خوب مضبوط ارادہ [illegible] مجھے ایسا کرنے سے وہ شخص مڑ کر دیکھے گا۔

15 منٹ تک خوب مضبوطی سے یہ تصور جمانے کی کوشش کرو۔ صبح وشام دونوں وقت برابر دس یوم تک یہ عمل کرتے رہو پھر گیارہویں دن بجائے آسمان کے کسی ایسے شخص کا تصور دل میں جماؤ جس کو تم اپنے بس میں کرنا چاہتے ہو اس کا خیالی نقشہ بذریعہ تصور اپنی بند آنکھوں کے سامنے کھینچو۔ گویا کہ اس کی آنکھیں، ناک، کان، منہ اور گردن وغیرہ سب ویسے کا ویسا تم اپنی بند آنکھوں میں دیکھ رہے ہو اور وہ مجسم حالت میں آپ کے روبرو کھڑا ہے۔

جب یہ حالت ہو جائے کہ تصور کی آنکھ سے جیسے چاہو دیکھنے لگ جاؤ تو اس عمل کو آپ کامیاب سمجھیں۔ یہ ایک بڑا ہی زبردست عمل ہے اس سے آپ کی عجیب وغریب معجزے کرانے والی مقناطیسی قوت ایک سے ہزار گنا ترقی کر جائے گی۔ اور اس کے ذریعہ آپ ہر شخص کو فوراً مطیع کر کے اپنا کام نکلوا سکیں گے۔



طریق تسخیر نمبر ۱۱

تصور کے ذریعہ خط کو مؤثر کرنا

حسب معمول رات کو آپ بستر پر آرام سے لیٹ جائیں جب آپ کو نیند غلبہ کرنے لگے تو اپنے دل میں اس بات کا مضبوط تصور باندھو کہ میں صبح بستر سے اٹھ کر جو خط اپنے مطلوب کو لکھوں گا اس خط کے پڑھتے ہی میرا مطلوب فوراً ماہی بے آب کی طرح تڑپ اٹھے گا اور جب تک مجھ سے ملاقات نہ کرے گا۔ اس کو کسی پہلو قرار نہ آئے گا۔ مذکورہ بالا فقرات کو بار بار دل ہی دل میں دہراتے رہو۔ حتی کہ نیند میں بے ہوش ہو جاؤ۔ صبح سویرے جب آپ کی آنکھ کھلے تو بستر پر ہی بیٹھے رہو نیچے نہ اترو اور اپنے دل سے تمام قسم کے خیالات کو بالکل دور کر دو بعد ازاں حسب ذیل عمل شروع کرو۔

عمل

کسی کورے سفید کاغذ و قلم دوات کو ہاتھ میں لو جو کہ رات کو سونے سے پہلے ہی تجویز کر کے آپ نے رکھے ہوں۔ اب اس کاغذ کی پیشانی پر نشان بناؤ اور اپنے دل میں نشان کے درمیان میں مضبوطی سے یہ خیال جماؤ کہ میں اس نقطے کو دیکھ رہا ہوں۔ میری مقناطیسی قوت دل سے نکل کر آنکھوں کے ذریعے اس میں بڑی جلدی داخل ہو رہی ہے۔ اور نقطہ کے گرد والا گول دائرہ میری قوت مقناطیسی کو ہرگز ذرہ بھر نہ نکلنے دے گا۔ مگر جس طرح کسی چمکدار چیز پر کالے کالے بادلوں سے یکایک بجلی گر پڑتی ہے ویسے ہی اور اسی طرح جس وقت فلاں کی چمکیلی نگاہیں اس نقطہ پر پڑیں گی۔ میری مقناطیسی اپنا اثر دکھائے گی اور اس کی رگ رگ میں اثر کر کے میرا ہم خیال بنائے گی۔ وہ میرے حکم سے ہرگز ہرگز انکار نہیں کرے گا اسے میری بات ماننی ہی پڑے گی کیونکہ اس کا دل میرے قبضہ میں ہے مذکورہ بالا تصور سانس روک کر باندھنا چاہیے۔

اگر سانس خارج کئے بغیر نہ رہا جائے تو نقطہ پر ہلکی ہلکی پھونکیں مار کر سانس خارج کر دیں اور اس کے بعد پندرہ منٹ بعد پھر وہی تصور جمائیں اس پری پیکر کے مکمل تمام اعضاء و جوارح کو مجسم کرنے کی کوشش کریں اور اس کے بعد مندرجہ ذیل خیالات اپنے دل میں دہرائیں۔

میرے قلم سے نکلا ہوا ایک ایک نقطہ پڑھنے والے کو ماہی بے آب کی طرح تڑپا دے گا۔ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے نکل سکتا ہے، زمین اپنی حرکت بند کر سکتی ہے۔ قانون قدرت کا بدل جانا ممکن ہو سکتا ہے۔ مگر میرے خط مذکورہ کے مطلب کا بے اثر ہونا ناممکن امر ہے۔ جب میری جادو بھری تحریر اس کی آنکھوں سے گزرے گی تو اس کا دل ماہی بے آب کی تڑپ اٹھے گا اور جب تک ملاقات نہ کرے گا اس کو کسی پہلو قرار نہ آئے گا۔ مذکورہ بالا تصور کو بھی پندرہ منٹ تک اپنے دل میں مجسم رکھو۔ اب خط لکھنا شروع کر دو اور [illegible] دل ہونی چاہیے۔



دوران تحریر میں ہر ایک فقرے کے بعد اپنے دل میں یہی خیال رہے کہ آپ کی قوت مقناطیسی آپ کی آنکھوں کے راستے خارج ہو کر آپ کے خط کے ایک ایک نقطہ کے اندر اپنا پورا پورا اثر ڈال رہی ہے بس جب یہ خط مذکورہ آپ کے محبوب کو ملے گا خواہ وہ ہزاروں کلومیٹر کے فاصلے پر کیوں نہ ہو وہ فوراً پڑھتے ہی آپ کے پاس ملاقات کیلئے چلا آئے گا اور آپ کو ہر ایک کام سرانجام دے گا۔



بریلج بشرقی نمبر 12

بسی کرن منتر کا بہت سے حضرات نے نام سنا ہوگا زمانہ قدیم سے آج تک سینکڑوں واقعات سننے میں آتے رہتے ہیں کہ انسان کے اندر ایک ایسی پوشیدہ طاقت بھی موجود ہے جس کے زور سے وہ دوسرے آدمیوں کو اپنے بس میں کر سکتا ہے۔ پچھے صفحات میں آپ نے ملاحظہ کیا ہے کہ ساری طاقت میں اور ہماری آئندہ کامیابی، تندرستی اور خوش دلی کا دارو مدار ہماری موجودہ دنیائے خیالات پر ہے۔ کہا جاتا ہے کہ معمول کے علم یا اس کی رضامندی کے علی نیک اور بد دونوں قسم کے کاموں کیلئے تجویز منتر سے کام لیا جاسکتا ہے۔

اصل میں بسی کرن منتر کا مقصد یہ ہے کہ اس کے ذریعہ سے باہمی عالمگیری محبت اور یکدلی یکجہتی کی قوت دی جائے۔ اس کا منشا یہ ہرگز نہ تھا اور نہ کسی زمانہ میں ہو سکتا ہے کہ کسی خاص شخص کو اپنا مطیع اور حقیقتاً کرنا جائز طور پر اپنی مقصد براری کی جائے۔

ہر چیز کی خرابی انسان کے اپنے ارادے اور ذہن کی آلودگی میں ہوتی ہے۔ پرانے زمانے میں ہندوستان اور غیر ممالک میں بھی انہیں منتروں کے ذریعہ لوگ دوسروں کی عورت اور دولت پر قبضہ کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ مگر اسکا نتیجہ یہ نکلا تھا کہ ان کا اپنا

مطلب وقتی طور پر تو ضرور حل ہو جاتا تھا مگر منتر کی طاقت کم ہو جاتی تھی اور چند روز بعد وہ فرد کسی بھیانک بیماری یا حادثے میں اپاہج ہو جاتا یا دنیا سے اپنا ناپاک وجود سمیٹ کر جہنم رسید ہو جاتا۔ عالم روحانی کی ترقی پاکیزہ ارادوں کے ذریعہ ہوا کرتی ہے اور اس کے ذریعہ انسان ہر مشکل کام کو حل کر سکتا ہے دنیا کی کایا پلٹ دینا اور دوسروں کو اپنے بس میں کرنا بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ دلی خیالات کا اظہار بذریعہ الفاظ جس سے سامع کے دل پر اثر پڑتا ہے اس کو تجویز یا منتر کہتے ہیں۔

علم روحانی ہو یا سفلی اس سے نتائج خیالات کی پاکیزگی اور اسکی آلودگی پر منحصر ہے، لیکن بد کا انجام ہمیشہ کراہت انگیز ہی رہا ہے، جس نے بھی کسی عمل کو اپنی گندی خواہش کی تکمیل میں کیا وہ جلد یا دیر سے رسوا کن بیماری یا اپاہج ہو جہنم رسید ہوا، اس لئے کسی بھی عمل کو پاکیزگی کے ساتھ کریں، اس سے زندگی کا لطف حاصل کریں، اور اللہ کی خوشنودی بھی، اللہ ہم سب کو ایمان پر قائم رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

تجویز یا منتر کی طاقت اس کے بار بار زبان سے ادا کرنے سے بڑھتی ہے۔ آپ ایک شخص سے کوئی بات ایک مرتبہ [illegible] نہ ہوگا لیکن بار بار زوردار الفاظ میں وہی بات کہی جائے تو آخر کار وہ اسکے دل پر ضرور نقش ہو جائے گا۔

اکثر ایسی تجاویز کا اظہار کیا جاتا ہے۔ جن کا یا تو فی الفور بہت کم اثر ہوتا ہے یا بالکل ہوتا ہی نہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ ان کا اظہار باقاعدہ نہیں کیا جاتا اب ان تجاویز کا اظہار کیسے کیا جائے یہ راز ذرا وضاحت کے ساتھ بیان کیا جا سکتا ہے اور ایک باقاعدہ کوئی ظاہری ہوئی تجویز سن کر بھی آپ کو یہ نہیں معلوم ہو سکتا ہے کہ اس میں کوئی غیر معمولی بات ہے یا نہیں۔ اس میں ایک ایسی صفت موجود ہے جس کے ذریعہ سے اس شخص پر آپ کا مطلب اثر پڑ سکتا ہے۔ جس کو آپ اپنے قابو میں لانا چاہتے ہیں، حسب ذیل مشق کرنے سے آپ کو اظہار کا صحیح طریقہ معلوم ہو جائے گا۔

ایک کمرے میں جائیں اور اس کا دروازہ بند کر لیجئے تا کہ آپ کو کوئی نہ دیکھ سکے۔ [illegible] اب نہایت مسلسل

اور آہستہ آہستہ گہری سانس لینے اور پھر اسکو باہر خارج کر دینے کا متواتر عمل 5 منٹ تک کیجئے اور یہ تصور باندھئے کہ کوئی شخص جس کو آپ چاہتے ہیں آپکے سامنے بیٹھا ہوا ہے اور اس فرضی شخص سے زوردار مگر پر اعتماد لہجہ میں گفتگو کیجئے یعنی جو آپ کہنا چاہتے ہیں اس کو اس طریقے سے ادا کیجئے کہ الفاظ براہ راست سینہ سے نکل کر باہر آئیں۔ اس دوران میں آپ کی حرکات جسمانی بھی نہایت موثر ہونی چاہیے جو کام آپ کرنا چاہتے ہیں اس کو یہ دعوی سمجھ کر کہیے کہ اور سمجھئے کہ آپ کا مخاطب واقعی آپ کے سامنے بیٹھا ہوا ہے اور آپ اس سے گفتگو کر رہے ہیں۔

آٹھویں باب میں ہم آپ کو اس علم کے متعلق کچھ کالے جادو کے منتر بتلائیں گے جن کو آپ بڑے شوق سے جائز کاموں اور آڑے وقتوں میں کام میں کافی دلچسپی سے لائیے گا اور ہر فرد و بشر کو مطیع و فرمانبردار کر کے ان سے ہر قسم کے کام نکلوا سکیں گیں لیکن جائز کام ورنہ انجام کے خود ذمہ دار ہوں گے۔

عبدالرزاق

تاریخ اشاعت نمبر 13

مقناطیسی طاقت یا مسمریزم

مقناطیسی قوت کی دریافت بظاہر جدید معلوم ہوتی ہے اور اسی نے وہ میسم صاحب کے نام پر جو ایک انگریز تھا مسمریزم کہلاتی ہے لیکن پتہ لگایا گیا کہ وہ علم بہت پرانا ہے اور اس کا رواج زمانہ قدیم میں ہندوستان کے اندر ہی تھا اور یہاں کے فاضل اس کے عالم تھے۔ چنانچہ اسے سنسکرت میں اکرش شکتی کہتے ہیں۔ ایسی قوت کی بابت مختلف طبقہ کے لوگوں نے مختلف رائیوں کا اظہار کیا ہے۔ اہل سائنس کا خیال ہے کہ یہ ایک پوشیدہ قوت ہے جو ایک جسم سے دوسرے جسم میں داخل ہو جاتی ہے مگر اسے انسانی آنکھیں دیکھ نہیں سکتیں .... اس کے وجود کا پتہ لگتا ہے۔

قوت مقناطیسی کے ماہر کہتے ہیں کہ حیوانات جس میں انسان ہی شامل ہے کہ جسم کے گرد چار انچ قطر کا مقناطیسی ہار رہتا ہے اس دلیل کے ثبوت میں وہ قدیم زمانہ کی بنائی ہوئی تصاویر کو پیش کر سکتے ہیں کہ اس زمانہ کے مصور اسی بات کو سمجھتے تھے اور اسی سے تصاویر کے گرد رنگین ہار بنا دیا کرتے تھے۔ اس علم کے ماہر تو یہاں تک دعویٰ کرتے ہیں کہ اگر مقناطیسی ہالہ جسم کے گرد نہ ہو تو زندگی نہ ممکن ہے۔

زمانہ قدیم اور زمانہ وسطی کے عالمان علم تشریح کا خیال تھا کہ دل خون کو اچھالتا ہے لیکن اب اگر یہ خیال غلط ثابت ہوا اور اس کی بجائے یہ نئی بات دریافت ہوئی کہ محض مقناطیسی قوت خون کو رگوں اور شریانوں میں رواں کرتی ہے چنانچہ ایک فاضل کا بیان ہے کہ اگر خون کا دورہ باقاعدہ جاری جاری رہے۔ پاخانہ پیشاب کے اخراج میں بے قاعدگی واقع نہ ہو تو کوئی بیماری آدمی کو نہیں ستا سکتی۔



برقی اسرار نمبر ۱۴

عبدالرزاق

تسخیر حسن

اگر کسی پری جمال سنگدل محبوب کو اپنانا ہو اور وہ کسی طرح نہ مانے کتنی ہی پتھر دل کیوں نہ ہو تو حسب مذکرہ بالا عامل اپنی مقناطیسی کشش سے اسے اپنے دام الفت میں لا سکتا ہے اپنی محبوب کی گزرگاہ پر عامل کو اپنا قیام کرنا چاہیے جونہی وہ مہ جبین وہاں سے گزرے اپنی آنکھیں دور سے ہی عامل اس پر ڈال دے اور اپنی آنکھوں کی کشش سے اسکی آنکھوں کو اپنی طرف لانے کی کوشش کرے ایسا کرنے سے پہلے ذہن ہی اپنی کشش کا نور اس کی آنکھوں میں داخل ہو جائے گا اور جونہی وہ عامل کے نزدیک سے گزرے گی تو اس کی آنکھ میں ایک نشہ سا پیدا ہو جائے گا اور تمام راہ وہ حیران و پریشان مدہوش سی چلتی جائے گی اور جونہی وہ اپنی قیام گاہ پر پہنچے گی تو [illegible] کی آنکھ اور دل میں کوئی خاص تغیرات پیدا



ہو گئے ہیں عامل روزانہ اسی طرح کرتا جائے یا اگر روزانہ موقع نہ ہو تو وقتاً فوقتاً ایسا کرتا چلا جائے بلاشک و شبہ آٹھ دس مرتبہ ایسا کرنے سے اس محبوب میں عامل کیلئے وہ محبت پیدا ہو جائے گی کہ وہ عامل کے عشق میں دیوانی ہو کر عامل سے خود بخود طالب الفت ہو گی اور جب تک عامل سے اقرار محبت نہ کر لے گی چین نہ پائے گی۔ لیکن اپنی نیت درست رکھے ورنہ انجام بھیانک ہو گا کیونکہ اس کے اپنے گھر میں بھی یہ صنف نازک کسی بھی رشتے کی صورت میں موجود ہیں، اگر وہاں سے بچ گیا تو اس کی اپنی بیٹی یا بیوی کو اس کا قرض اتارنا پڑے گا۔ اور اس کے سوا اللہ سبحانہ تعالیٰ کا عذاب الگ۔



برائے بندش عمل نمبر15

کو عامل کو کسی ماہ جمال سے راز حاصل کرنے ہوں کہ وہ کس کس سے الفت کرتی ہے اور آج تک اس نے کس کس سے الفت پیدا کی تو عامل کو چاہیے کہ اپنی محبوبہ کی آنکھ پر اپنی کشش ڈالے اور اس سے کشش ڈالنے کے بعد محبت آمیز خوش اخلاق طریقہ سے کلام کرے پھر اپنی آنکھ کی کشش اس کے دل پر ڈالنی شروع کر دے ایسا کرنے سے وہ ماہ جبیں اپنے تمام راز آہستہ آہستہ بیان کرنا شروع کر دے گی اور آخر میں تمام محبتوں سے الفت کو قطع کر کے اپنے آپ کو عامل کیلئے پیش کر دے گی اور جب تک قبول نہ کرے چین نہ پائے گی۔ یہ عمل کسی کو راہ راست پر لانے کیلئے بھی کیا جا سکتا ہے بری عادتوں سے نجات دلانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس کو مشغلہ نہ بنائے ورنہ اس کے اپنے راز بھی عیاں ہو سکتے ہیں، ہر چیز کا ردعمل قانون قدرت ہے اس سے کوئی شخص بچ نہیں سکتا۔



ازرنج الشرقی نمبر ۱۵

خواب راحت

